از دفتر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ننکانہ صاحب

﴿درخواستیں مطلوب ہیں﴾

دفتر ہذا میں درج ذیل آسامیاں خالی ہیں جن پر تقرری کے لیے مندرجہ ذیل قابلیت کے حامل افراد سے درخواستیں مورخہ 07/01/2017 تک مطلوب ہیں۔ ٹیسٹ وانٹرویو کی تواریخ بعد از جانچ پڑتال دفتر ہذا کی ویب سائٹ nankana.dc.lhc.gov.pk پر upload کردی جائیں گی۔

نمبر شمار	نام آسامی	تعداد آسامیاں	حد عمر	تعلیمی قابلیت/اہلیت/تجربہ	ڈومیسائل
1	سٹینوگرافر (BS-16)	27	18 سے 25 سال	Graduate from a recognized university having minimum typing speed 50 w.p.m and 110 w.p.m of shorthand speed. Candidates having computer knowledge will be preferred.	پنجاب
2	اسسٹنٹ لائبریرین (BS-14)	2	18 سے 30 سال (including 5 years age relaxation 25+5)	(i) Graduate in Library Science (Minimum Second Division) from a recognized institution, well versed in computer applications and usage. (No 3rd Division in whole career). (ii) Preference will be given to Master Degree holder in Library Science (MLIS), (Minimum Second Division). Experience: Preferably one year experience in the relevant field.	پنجاب (Preference will be given to the bonafide residents of District Nankana Sahib)
3	ڈیٹا انٹری آپریٹر (BS-13)	1	20 سے 28 سال	Graduate (Preferably in Computer Science), with at least 45 w.p.m typing speed on computer keyboard, well versed in Operating System Installation/repair, MS Office (Complete) and basics of Computer Hardware (Candidates having experience in the relevant field shall be preferred)	پنجاب
4	جونیئر کلرک (BS-11)	12	18 سے 25 سال	(i) Higher Secondary School Certificate (Second Division) from a recognized Board. (ii) A speed of 25 words per minute of typing on computer in English and, (iii) Proficient in MS Office or any other compatible office application and he shall demonstrate such proficieny.	ننکانہ صاحب
5	امام مسجد (BS-07)	2	18 سے 45 سال	Shahdat-ul-Almia Filulcomn-ul-Arabiya Val Islam (Jayyad) from Wafaq-ul-Madaris/Tanzeem-ul-Madaris **OR** M.A Islamiat/Arabic from any recognized University. **OR i**. Sanad Daras-e-Nizami, **ii**. Sanad Tajveed Qirrat from any institution affiliated with Wafaq-ul-Madaris/Tanzeem-ul-Madaris *Preference* **iii.** Hafiz-e-Quran **iv.** Married.	پنجاب
6	کمپیوٹر ہارڈ ویئر ٹیکنیشن (BS-07)	3	18 سے 25 سال	Intermediate (F.A./F.Sc/ICS), 01 year Computer Hardware diploma from a recognized institution. Preferably 1 year experience in the relevant field in a well known organization. (The most experienced persons will be preferred)	ننکانہ صاحب
7	کک (BS-04)	1	20 سے 35 سال	پرائمری/مڈل پاس، کھانا پکانے میں ماہر، متعلقہ شعبہ میں تجربہ کے حامل افراد کو ترجیح دی جائے گی۔	ننکانہ صاحب
8	مؤذن/خادم (BS-02)	2	18 سے 35 سال	مڈل پاس، i۔ ناظرہ قرآن ii۔ اسلامی عبادات کا بنیادی علم، خوش الحان	ننکانہ صاحب
9	چوکیدار (BS-01)	1	25 سے 45 سال	پڑھا لکھا اور صحت مند ترجیحاً ریٹائرڈ فوجی	ننکانہ صاحب
10	خاکروب (BS-01)	1	18 سے 25 سال	لکھنا پڑھنا جانتا ہو، صحت مند ہو اور متعلقہ کام کا تجربہ رکھتا ہو۔	ننکانہ صاحب

شرائط حسب ذیل ہیں۔ (1) درخواستوں کے ہمراہ 02 عدد حالیہ تصاویر تصدیق شدہ، تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ اور ڈومیسائل کی مصدقہ نقول منسلک کریں۔ (2) درخواستیں بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر بھجوائیں۔ درخواستیں بذریعہ فیکس، ای میل اور دستی وصول نہیں کی جائیں گی۔ (3) سرکاری ملازمین اپنے محکمہ کی وساطت سے درخواستیں ارسال کریں یا متعلقہ محکمہ کا NOC ہمراہ درخواست منسلک کریں۔ (4) مطلوبہ تعلیمی معیار کے برعکس، نامکمل اور تاخیر سے موصول ہونے والی درخواستیں مسترد کردی جائیں گی۔ (5) اصل ڈومیسائل، شناختی کارڈ و تعلیمی اسناد بروز انٹرویو ہمراہ لائیں۔ ڈومیسائل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کے مستقل پتہ کے مطابق ہونا ضروری ہے۔ (6) صرف ٹیسٹ پاس کرنے والے امیدواران ہی کا مقرر کردہ تاریخ پر انٹرویو ہوگا۔ (7) ٹیسٹ وانٹرویو کے لیے آنے والے امیدواروں کو کوئی ٹی۔اے/ڈی۔اے نہیں دیا جائے گا۔ (8) 3% کوٹہ مختص برائے معذور افراد ہے۔ ان کو عمر کی بالائی حد میں 10 سال کی رعایت حاصل ہے اور معذوری کا ثبوت منسلک کرنا ضروری ہے۔ (9) 15% کوٹہ برائے آسامی سیریل نمبر 1 و 4 خواتین کے لیے مختص ہے اور عمر کی بالائی حد میں 08 سال کی رعایت حاصل ہے۔ (10) 20% کوٹہ برائے آسامی سکیل 01 تا 11 سول اور سیشن کورٹ ننکانہ کے ان ملازمین کے بچوں کے لیے مختص ہے جو محکمہ ہذا میں سکیل 01 تا 11 میں کام کررہے ہیں یا Up-gradation سال 2016ء سے قبل سکیل 01 تا 07 میں ریٹائر ہوچکے ہیں۔ (11) جونیئر کلرک کی آسامی کا 20% پروموشن کوٹہ سول اور سیشن کورٹ ننکانہ کے حاضر سروس ملازمین (سکیل 01 تا 04) کے لیے مختص ہے جس کے لیے مقررہ تاریخ تک درخواستیں جمع کروانا ضروری ہے۔ (12) 05% کوٹہ برائے غیر مسلم امیدواران مختص ہے۔ (13)۔ عمر کی بالائی حد میں 5 سال کی رعایت عمومی طور پر نہیں دی جائے گی بلکہ یہ رعایت صرف ان امیدواران کو دی جاسکتی ہے۔ جن کی عمر غیر معمولی حالات جو کہ انسان کے اختیار سے باہر ہوں کی بناء پر مقررہ حد سے زائد ہوئی ہو اور وہ ان حالات کا تذکرہ اپنی درخواست میں تحریر کریں۔ تاہم اس سلسلہ میں حتمی فیصلہ ریکروٹمنٹ کمیٹی کا ہوگا۔ (14) مجاز اتھارٹی پروموشن پالیسی و دیگر وجوہات کی بناء پر آسامیوں کی تعداد کم یا زیادہ کرنے، شارٹ لسٹنگ اور تاریخ ٹیسٹ وانٹرویو تبدیل کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔ (15) تمام امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی درخواست میں واضح طور پر تحریر کریں کہ آیا ان کا کوئی رشتہ دار سول اور سیشن کورٹ ننکانہ میں ملازم ہے یا نہیں۔ ملازم ہونے کی صورت میں اس کا نام اور عہدہ تحریر کریں اور اس ضمن میں بیان حلفی منسلک کرنا ضروری ہوگا۔ (16) ہر کوشہ اور آسامی کے لیے علیحدہ علیحدہ درخواست دینا ضروری ہوگا۔ (17) آسامی سیریل نمبر 01، 03، 04 کے لیے ٹائپنگ میں مہارت ضروری ہے لہٰذا ٹائپنگ نہ جاننے والے امیدواران درخواست دینے کی زحمت نہ کریں۔ (18) نمبر شمار 01 تا 06 تک کی تمام آسامیوں کے لئے مجوزہ فارم پر اور نمبر شمار 7 تا 10 کی آسامیوں کے لیے سادہ کاغذ پر درخواستیں قابل قبول ہوں گی۔ مجوزہ فارم ڈسٹرکٹ کورٹس ننکانہ کی ویب سائٹ nankana.dc.lhc.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ (19) تمام بھرتی گورنمنٹ آف پنجاب کی ریکروٹمنٹ پالیسی 2004، سول اینڈ سیشن کورٹ اسٹیبلشمنٹ رولز 2005، عدالت عالیہ لاہور کے پالیسی لیٹرز اور پنجاب گورنمنٹ کے مروجہ رولز کی روشنی میں کی جائے گی۔ (20) ریکروٹمنٹ کمیٹی تمام یا جزوی نتائج مسترد کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔ (21) تمام درخواست دہندگان اپنی درخواست پر رابطہ نمبر ضرور تحریر کریں۔

المشتہر: ﴿خالد نوید ڈار﴾ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، ننکانہ صاحب